# سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۷۳

# SINDH ORDINANCE NO.X OF 1973

# سندھ سرکاری ملازمین آرڈیننس، ۱۹۷۳

# THE SINDH CIVIL SERVANTS ORDINANCE, 1973

## (CONTENTS) فہرست


(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان، نفاذ اور شروعات

Short title, application and commencement

باب -I

شروعاتی

Chapter-I

Preliminary

۲۔ تعریف

Definitions

باب -II

سرکاری ملازمین کی ملازمت کے شرائط و ضوابط

Chapter-II

Terms and Conditions of service of Civil Servants

۳۔ شرائط و ضوابط

Terms and Conditions

۴۔ سرکاری ملازمین کے عہدے کی مدت

Tenure of office of Civil Servants

۵۔ تقرری

Appointment

۶۔ کچی ملازمت کی مدت

Probation

۷۔ مستقلی

Confirmation

۸-سینیارٹی

Seniority

۹۔ ترقی

Promotion

۱۰۔ تقرری اور تبادلہ

Posting and transfers

۱۱۔ ملازمت سے ہٹانا

Termination of service

۱۲۔ نچلے گریڈ یا ملازمت میں واپس کرنا

Reversion to a lower grade or service

۱۳۔ ملازمت سے رٹائرمنٹ

Retirement from service

۱۴۔ رٹائرمنٹ کے بعد ملازمت

Employment after retirement

۱۵-چال چلت

Conduct

۱۶۔ صلاحیت اور نظم و ضبط

Efficiency and discipline

۱۷۔ تنخواہ

Pay

۱۸۔ چھٹی

Leave

۱۹۔ پینشن اور گریچوئٹی

Pension and gratuity

۲۰۔ پرووِیڈنٹ فنڈ

Provident Fund

۲۱۔ بینیوولنٹ فنڈ اور گروپ انشورنس

Benevolent fund and Group insurance

۲۲۔ اپیل یا ریپریزنٹیشن کا حق

Right of appeal or representation

باب -III
متفرقات

## Chapter-III
## Miscellaneous

۲۳۔ محفوظ کرنا
Saving

۲۴۔ رکاوٹیں ہٹانا
Removal of difficulties

باب -IV
قواعد

## Chapter-IV
## Rules

۲۵۔ قواعد
Rules

# سندھ آرڈیننس نمبر X مجریہ ۱۹۷۳

# SINDH ORDINANCE NO.X OF 1973

# سندھ سرکاری ملازمین آرڈیننس، ۱۹۷۳

# THE SINDH CIVIL SERVANTS ORDINANCE, 1973

[۷ ستمبر ۱۹۷۳]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے افراد کی تقرری ضابطہ میں لائی جائے گی اور صوبہ سندھ کے معاملات سے متعلقہ پاکستان کی ملازمت میں افراد کی ملازمت کے شرائط و ضوابط طے کیئے جائیں گے۔

جیسا کہ افراد کی تقرری ضابطہ میں لانے اور صوبہ سندھ کے معاملات سے متعلقہ پاکستان کی ملازمت میں افراد کی ملازمت کے شرائط و ضوابط اور اس سے متعلقہ معاملات کا انتظام کرنا مقصود ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا

مختصر عنوان، نفاذ اور شروعات

Short title, application and commencement

باب -I

شروعاتی
Chapter-I
Preliminary
تعریف
Definitions

فرمایا ہے:
۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ سرکاری ملازمین آرڈیننس، ۱۹۷۳ کہا جائے گا۔
(۲)یہ سارے سرکاری ملازمین پر نافذ ہوگا، پھر وہ جہاں بھی ہوں۔
(۳)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

**باب-I**
**شروعاتی**
**Chapter-I**
**Preliminary**

۲۔اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضمون یا مفہوم کے متضاد نہ ہو:
(i)شق (a) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا، یعنی:
(a)"ایڈہاک تقرری" سے مراد مکمل طور پر قابلیت رکھنے والے فرد کی بھرتی جو دوسرے طریقے کی جائے اور بیان کردہ طریقہ کے تحت وہ رہتی ہوئی بھرتی ہو؛
(b)"سرکاری ملازم" سے مراد وہ شخص جو صوبہ کی سرکاری ملازمت کا میمبر ہو یا صوبہ کے معاملات سے متعلقہ کوئی عہدہ رکھتا ہے، لیکن جس میں شامل نہیں:
(i)وہ شخص جو صوبہ میں وفاق کی طرف سے یا کسی دوسرے صوبہ یا آرگنائیزیشن کی طرف سے ڈیپوٹیشن پر ہو؛
(ii)وہ شخص جس کو کانٹریکٹ پر رکھا گیا ہے یا ورک چارجڈ بنیاد پر رکھا گیا ہے یا جس کو کانٹینجنسیز میں سے ادائگی کی جاتی ہے؛ یا
(iii)وہ شخص جو "محنت کش" یا "مزدور" ہے، جیسے فیکٹریز ایکٹ، ۱۹۳۴ (۱۹۳۴ کا XXV) یا ورکس مینس کامپینسیشن ایکٹ، ۱۹۲۳ (۱۹۲۳ کا VIII) میں بیان کیا گیا ہے؛

باب -II
(c)"حکومت" سے مراد حکومت سندھ؛

(d)"شروعاتی تقرری" سے مراد تقرری جو ترقی یا تبادلہ کے علاوہ کی جائے؛

(e)"تنخواہ" سے مراد سرکاری ملازمی کی طرف سے حاصل ہونے والی تنخواہ، اور جس میں شامل ہے ٹیکنیکل تنخواہ، اسپیشل تنخواہ، ذاتی تنخواہ اور دوسرا معاوضہ جو اتھارٹی کی طرف سے ادائگی کے لیئے اعلان کیا گیا ہو؛

(f)"مستقل عہدہ" سے مراد جیسے قواعد میں بیان کیا گیا ہو؛

(g)"بیان کردہ" سے مراد قواعد کے تحت بیان کردہ؛

(h)"قواعد" سے مراد اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قواعد یا جو قواعد بنائے جاتے ہیں؛

(i)"امنتخب کرنے والی اختیاری" سے مراد سندھ پبلک سروس کمیشن، ایک محکمہ کا سلیکشن بورڈ، محکمہ کی سلیکشن کمیٹی یا دوسری کوئی اختیاری یا باڈی جس کی سفارش پر یا جس کے مشورے سے کوئی تقرری یا ترقی ہو، جیسے بیان کیا گیا ہو؛

(j)"عارضہ عہدہ" سے مراد مستقل عہدے کے علاوہ ایک عہدہ۔

(۲)اس آرڈیننس کے مقصد کے لیئے، کوئی تقرری پھر وہ ترقی کے ذریعے یا دوسرے طریقے کی جائے، اگر بیان کردہ طریقہ کے تحت کی گئی ہے تو وہ مستقل بنیاد پر کی گئی سمجھی جائے گی۔

## باب -II

## سرکاری ملازمین کی ملازمت کے شرائط و ضوابط

## Chapter-II

## Terms and Conditions of service of Civil Servants

سرکاری ملازمین کی ملازمت کے شرائط و ضوابط
Chapter-II
Terms and Conditions of service of Civil Servants

شرائط و ضوابط
Terms and Conditions

۳۔سرکاری ملازم کی ملازمت کے شرائط و ضوابط اس طرح ہوں گے، جیسے اس آرڈیننس یا قواعد میں

سرکاری ملازمین کے عہدے کی مدت
Tenure of office of Civil Servants

تقرری
Appointment

کچی ملازمت کی مدت
Probation

فراہم کیئے گئے ہیں۔

۴۔ہر سرکاری ملازم حکومت کی مرضی سے عہدہ رکھ سکے گا۔

مستقلی
Confirmation

۵۔ صوبہ کی سرکاری ملازمت میں یا صوبہ کے معاملات سے متعلقہ سرکاری عہدے پر تقرری حکومت کی طرف سے یا اس سلسلے میں بااختیار بنائے گئے شخص کی طرف سے بیان کردہ طریقہ کے تحت کی جائے گی۔

۶۔ (۱) دفعہ ۵ میں بیان کردہ ملازمت یا عہدے پر کی گئی شروعاتی تقرری جو ایڈہاک بنیاد پر نہیں کی جائے، وہ آزمائشی مدت کے لیئے ہوگی، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

(۲)سرکاری ملازم کی ترقی یا تبادلہ کے ذریعے کسی ملازمت یا عہدے کے لیئے کی گئی کوئی تقرری بھی آزمائشی مدت کے لیئے کی جائے گی، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

سینیارٹی
Seniority

(۳)جہاں کسی ملازمت یا عہدے کے سلسلے میں، آزمائشی مدت کے لیئے مطمئن کرنے والے اختتام میں شامل ہو امتحان، ٹیسٹ یا کورس یا کسی تربیت کا کامیابی سے مکمل کرنا، ایسی ملازمت یا عہدے پر آزمائشی مدت کے لیئے مقرر کردہ فرد، اصل یا آزمائشی مدت کا بڑھایا گیا عرصہ مکمل کرنے پر، ایسا امتحان یا ٹیسٹ پاس کرنے میں ناکام ہوتا ہے یا کورس یا تربیت کامیابی سے مکمل کرنے میں ناکام ہوتا ہے تو ماسوائے اس کے جیسے دوسری صورت میں بیان کیا گیا ہو:

(a)اگر وہ ایسی ملازمت یا عہدے پر شروعاتی طور پر مقرر کیا گیا تاھا تواس اس کو برطرف کیا جائے گا؛ یا

(b)اگر وہ ایسی ملازمت یا عہدے پر ترقی یا تبادلہ کی ذریعے مقرر کاگیا تھا ا تو اس کی اسی ملازمت یا عہدے پر واپس کیا جائے گا، جس سے اس کو ترقی دی گئی یا تبادلہ کیا گیا تھا، جس کے خلاف وہ حق رکھتا ہے یا اگر ایسی ملازمت عا عہدہ نہیں ہوگا، تع اس کو برطرف کیا جائے گا۔

بشرطیکہ ملازمت یا عہدے پر شروعاتی تقرری کی صورت میں ایک سرکاری ملازم کی طرف سے تب تک آزمائشی مدت مطمئن کرنے والے طریقے مکمل کیا گیا نہیں سمجھا جائے گا جب تک اس کے کردار اور چال چلت کے حوالے سے مقرر کردہ اختیاری کی طرف سے مطمئن کرنے والی رائے کی تصدیق نہ کی جائے۔

ترقی
Promotion

۷۔ (۱) آزمائشی مدت کے لیئے مقرر کردہ ایک شخص کو اس کی آزمائشی مدت مطمئن کرنے والے طریقے کے تحت مکمل کرنے پر وہ ملازمت کی مستقلی کے لیئے اہل ہوگا یا جیسے معاملہ ہو، عہدے پر جیسے بیان کیا گیا ہو۔

تقرری اور تبادلہ
Posting and transfers

(۲)کسی عہدے یا گریڈ پر مستقل بنیادوں پر ترقی دیئے گئے سرکاری ملازمین مستقلی کے لیئے بیان کردہ عرصہ کے لیئے مطمئن کرنے والی ملازمت پیش کرنے کے بعد مستقلی کے لیئے اہل ہوگا۔

(۳)کسی عارضی عہدے پر مستقلی نہیں کی جائے گی۔

ملازمت سے ہٹانا
Termination of service

(۴)کوئی سرکاری ملازم اس کی ملازمت کے عرصہ کے دوران کسی ملازمت یا کسی عہدے پر مستقل ہونے کا اہل تھا اور وہ ایسی مستقلی سے پہلے ملازمت سے رٹائرکرتا ہے تو ایسی رٹائرمنٹ کو ایسی ملازمت یا عہدے سے رٹائرمنٹ کے لیئے ملنے والے فواعد سے انکار کیا جائے گا۔

(۵)سرکاری ملازم کی ملازمت یا عہدے پر مستقلی ایسی تاریخ سے ہوگی جب ملازمت یا عہدے پر مستقل آسامی پیدا ہو یا ایسی تاریخ سے جب ایسی

ملازمت یا عہدہ پر مسلسل ملازمت کی جائے، جو عمل پہلے ہو۔

۸۔(۱) ملازمت، کیڈر یا گریڈ کے موزوں انتظام کے لیئے مقرر کرنے والی اختیاری ایسی ملازمت، کیڈر یا گریڈ کے لیئے وقتی طور پر میمبران کی سینیارٹی لسٹ تیار کرے گی، لیکن ایسی ملازمت، کیڈر یا گریڈ پر مخصوص سینیارٹی کی بنیاد پر حق حاصل نہیں ہوگا، جیسے معاملہ ہو۔

نچلے گریڈ یا ملازمت میں واپس کرنا
Reversion to a lower grade or service

ملازمت سے رٹائرمنٹ
Retirement from service

(۲)ذیلی دفعہ (۱) کی گنجائشوں کے تحت سرکاری ملازم کی سینیارٹی اسی ملازمت یس گریڈ سے تعلقہ رکھنے والے دوسرے سرکاری ملازمین کی تسلیم کی جائے گی، پھر وہ اسی محکمہ یا آفیس میں ملازمت کرتے ہوں یا نہیں، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

(۳)کسی ملازمت، گریڈ یا عہدے پر شروعاتی تقرری کی سینیارٹی اس طرح طے کی جائے گی، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

(۴)ایسے گریڈ میں سینیارٹی جس پر سرکاری ملازم کو ترقی دی گئی ہے، ایسی تاریخ سے شروع ہوگی، جس تاریخ سے اس طریڈ میں عہدے پر تقرری ہوئی ہو:

بشرطیکہ سرکاری ملازم جو ایک وقت اعلیٰ گریڈ میں ترقی کے لیئے منتخب کیئے گئے ہیں، ان کی اعلیٰ گریڈ میں ترقی پر، وہ اپنے نچلے گریڈ والی سینیارٹی برقرار رکھیں گے۔

رٹائرمنٹ کے بعد ملازمت
Employment after retirement

۹۔ (۱) ایسی کم سے کم اہلیت رکھنے والے سرکاری ملازم جیسے بیان کیا گیا ہو اس عہدے پر ترقی کے لیئے اہل ہوگا، جو وقتی طور پر قواعد کے تحت محکماتی ترقی کے طور پر ملازمت یا کیڈر کے اعلیٰ گریڈ میں ترقی سے تعلقہ رکھتا ہو۔

(۲)ذیلی دفعہ (۱) میں بیان کردہ عہدے کے بعد وہ منتخبی عہدہ ہو یا غیر منتخبی عہدہ ہو، اس پر ترقی اس طرح دی جائے گی، جیسے بیان کیا گیا ہو:

(a)منتخب عہدے کی صورت میں، انتخاب میرٹ کی

بنیاد پر کیا جائے گا؛ اور
(b)منتخب نہ کیئے گئے عہدے کی صورت میں، سینیارٹی کم فٹنیس بنیاد پر۔
۱۰۔ ہر سرکاری ملازم کسی بھی جگہ پر صوبہ میں

**چال چلت**
**Conduct**

یا صوبہ سے باہر حکومت، وفاقی حکومت، یا کسی صوبائی حکومت یا لوکل اتھارٹی یا کارپوریشن یا حکومت کی طرف سے تشکیل دیئے گئے باڈی سیٹ اپ کے تحت خدمت سرانجام دینے کا پابند ہوگا۔

**صلاحیت اور نظم و ضبط**
**Efficiency and discipline**

بشرطیکہ اس دفعہ میں شامل کچھ بھی کسی خاص ایراضی یا علاقے کے لیئے خدمت کے لیئے خاص طور پر بھرتی کیئے گئے سرکاری ملازم پر نافذ نہیں ہوگا۔

**تنخواہ**
**Pay**

بشرطیکہ مزید یہ کہ جہاں کسی سرکاری ملازم سے اس کی سروس یا کیڈر سے باہر عہدے پر خدمت طلب کی جاتی ہے تو اس کی خدمت کے شرائط و ضوابط پیشگی ملنے والی ادائگی سے کم فائدہ مند نہیں ہوں گے، جو اس کو اس طرح طلب کرنے سے پہلے مل رہے تھے۔
۱۱۔ (۱)سرکاری ملازم کی ملازمت بنا نوٹیس کے ختم کی جائے گی:

**چھٹی**
**Leave**

(i)اس کی آزمائشی مدت کے شروعاتی یا بڑھائے گئے عرصہ کے دوران:
بشرطیکہ جہاں ایسا سرکاری ملازم آزمائشی مدت پر ترقی کے ذریعے مقرر کیا گیا ہے، یا جیسے معاملہ

**پینشن اور گریچوئٹی**
**Pension and gratuity**

ہو، ایک گریڈ، کیڈر یا عہدے سے دوسرے گریڈ، کیڈر یا عہدے میں تبادلہ کیا گیا ہے تو اس کی ملازمت کو اس کے پچھلے ایسے گریڈ یا کیڈر پر تحفظ حاصل ہوگا، لیکن اس کو اس کے پچھلے گریڈ، کیڈر یا عہدے پر واپس کیا جائے گا، جیسے معاملہ ہو۔
(ii)اس کی شروعاتی یا بڑھائے گئے عرصہ کے ختم ہونے پر؛ یا
(iii)اگر تقرری ایڈہاک ہے تو سلیکشن اتھارٹی کی

سفارش پر کسی شخص کی تقرری سے ایسے شخص کی تقرری ختم کرنے کے لائق ہوگی۔

(۲)جہاں کسی کیڈر یا گریڈ کے عہدوں کی تعداد کو ختم کرنے یا کم کرنے پر ایسے سرکاری ملازمین کی ملازمت اس طرح ختم کی جائے گی، جو ایسے کیڈر یا گریڈ میں سب سے جونیئر ہوں گے۔

پروویڈنٹ فنڈ
Provident Fund

(۳)جہاں کچھ ذیلی دفعہ (۱) کی گنجائشوں کے متضاد نہ ہو لیکن ذیلی دفعہ (۲) کی گنجائشوں کے متضاد ہو تو عارضی طور پر مقرر کردہ یا ایڈہاک طور پر مقرر کردہ سرکاری ملازم کی ملازمت چودہ دن کے نوٹیس سے یا اتنے عرصہ کے لیئے ادائگی سے ملازمت ختم کرنے لائق ہوگی۔

۱۲۔اعلیٰ عہدے یا گریڈ ایڈہاک یا عارضی یا آفیشیٹنگ بنیادوں ُر مقرر کردہ سرکاری ملازم نچلے عہدے یا گریڈ میں بنا نوٹیس کے واپسی لائق ہوگا۔

بینیوولنٹ فنڈ اور گروپ انشورنس
Benevolent fund and Group insurance

۱۳۔ ایک سرکاری ملازم ملازمت سے رٹائر کرے گا:

(i)ایسی تاریخ پر جب اس نے ملازمت کے پچیس سال مکمل کیئے ہوں پینشن کے لیئے اہل ہوں گے یا دوسرے رٹائرمنٹ کے فواعدکے اہل ہوگا جیسے مجاز اختیاری عوامی مفاد میں ہدایت کرے؛ یا

اپیل یا ریپریزنٹیشن کا حق
Right of appeal or representation

(ii)جہاں شق (i) کے تحت کوئی ہدایت جاری نہیں کی گئی تو اس کی عمر اٹھاون سال مکمل کرنے پر۔

وضاحت: اس دفع میں "مجاز اختیاری" سے مراد تقرری کرنے والی اختیاری یا تقرری کرنے والی اختیاری کی طرف سے اس سلسلے میں بااختیار بنایا گئا کوئی شخص، لیکن وہ شخص متعلقہ سرکار۴ی ملازم سے عہدے میں کم نہ ہونا چاہیئے۔

۱۴۔ (۱) ایکرٹائرڈ ملازم عام طور پر دوبارہ سرکاری ملازمت پر نہیں رکھا جائے گا، جب تک

ایسی دوسری ملازمت عوامی مفاد میں نہ ہو اور تقرری کرنے والی اختیاری سے اوپر اختیاری کی پیشگی منظوری سے نہ کی جائے:

بشرطیکہ جہاں تقرری کرنے والی اختیاری حکومت ہے، ایسی دوبارہ تقرری حکومت کی منظوری سی کی جائے گی۔

باب -III
متفرقات
Chapter-III
Miscellaneous

محفوظ کرنا
Saving

(۲)ایکس گورنمنٹ سرونٹس (ایمپلائمنٹ وتھ فارین گورنمنٹس) (پروہیبیش) ایکٹ، ۱۹٦٦ (۱۹٦٦ کا XII) کی دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۱) کی گنجائشوں کے تحت ایک سرکاری ملازم رٹائرمنٹ سے پہلے چھٹی کے دوران یا سرکاری ملازمت سے رٹائرمنٹ کے بعد کوئی خانگی ملازمت حاصل کر سکتا ہے۔

رکاوٹیں ہٹانا
Removal of difficulties

بشرطیکہ جہاں ملازمت رٹائرمنٹ سے پہلے چھٹی کے دوران یا رٹائرمنٹ والی تاریخ سے دو سال پہلے حاصل کی جاتی ہے تو وہ بیان کردہ اختیاری سے پیشگی اجازت لے گا۔

باب -IV
قواعد
Chapter-IV
Rules

قواعد
Rules

۱۵۔ سرکاری ملازم کا انتظام تشکیل دیئے گئے قواعد، یا حکومت کی طرف سے جاری کردہ ہدایات یا بیان کردہ اختیاری کی طرف سے اس سلسلے میں عام طور پر یا مخصوص گروپ یا سرکاری ملازمین کی درجہ کے لیئے جاری کردہ ہدایات کے تحت چلایا جائے گا۔

۱٦۔سرکاری مالزم بیان کردہ طریقہ کار کے تحت انتظامی کارروائی اور جرمانہ کا مستحق ہوگا۔

۱۷۔ ایک عہدے یا گریڈ پر مقرر کردہ سرکاری ملازم قواعد کے تحت ایسے عہدے یا گریڈ پر جاری کردہ تنخواہ سے نوازہ جائے گا:

بشرطیکہ جہاں تقرری کرنٹ چارج بنیاد پر یا ایڈیشنل چارج بنیاد پر کی گئی ہے تو اس کی تنخواہ بیان کردہ طریقہ کے تحت کی جائے گی:

بشرطیکہ مزید یہ کہ جہاں ایک سرکاری ملازم حکم کے تحت جو بعد میں تشکیل دیا گیا ہے، ملازمت سے ہٹایا یا برطرف کیا جاتا ہے یا عہدے میں کم کی

جاتی ہے، ایسا حکم جاری ہونے پر اس کو ایسی بقایاجات ادا کی جائیں گی جو ایسا حکم بنانے والی اختیاری طے کرے۔
۱۸۔ ایک سرکاری ملازم کو چھٹی اس کے چھٹی کے قواعد کے تحت دی جائے گی، بشرطیکہ اس کی چھٹی ملازمت کی ضروریات اور مجاز اختیاری کی اجازت سے دی جائے گی۔
۱۹۔ (۱) ملازمت سے رٹائرمنٹ پر ایک سرکاری ملازم ایسی پینشن یا گریچوئٹی حاصل کرے گا، جیسے بیان کیا گیا ہو۔
(۲)سرکاری ملازم کی رٹائرمنٹ سے پہلے یا پھر وفات کی صورت میں، اس کے خاندان کو ایسی پینشن یا گریچوئٹی یا دونوں دیئے جائیں گے، جیسے بیان کیا گیا ہو۔
(۳)ایسے سرکاری ملازم کو کوئی پینشن نہیں دی جائے گی جو انتظامی قدم سبب ملازمت سے ہٹایا یا برطرف کیا جائے، لیکن حکومت ایسے سرکاری ملازم کو کمپیشنیٹ الاؤنس جاری کر سکتی ہے، جو اس کی اس طرح ملازمت سے ہٹانے یا برطرف کرنے والے دن تک بننے والی پینشن یا گریچوئٹی کے دو تہائی سے زائد نہ ہوگا۔
(۴)اگر سرکاری ملازم کو ملنے والی پینشن یا گریچوئٹی کی رقم طے ہونے میں اس کی رٹائرمنٹ یا موت والی تاریخ سے ایک ماہ سے زائد دیر ہوتی ہے تو اس کو یا اس کے خاندان کو سرکاری ملازم کی ملازمت کے عرصہ کے حساب سے بیان کردہ اختیاری کی طرف سے اضافی پینشن یا گریچوئٹی دی جائے گی، اور ایسی اضافی پروویزنل ادائگی پر ایسی ادائگی سرکاری ملازم یا اس کے خاندان کو حتمی طور پر کی گئی پینشن یا گریچوئٹی میں شامل کی جائے گی۔
۲۰۔ (۱)ہر مالی سال کا تیسرا ماہ ختم ہونے سے پہلے، اکاؤنٹس آفیسر یا دوسری کوئی آفیسر جو

پرووِیڈنٹ فنڈ سنبھالنے کے لیئے ہو سرکاری ملازم کو اپنے زیر دست اکاؤنٹ کا اسٹیٹمنٹ فراہم کرے گا، جس میں شام ہوگا ویاج، اگر کوئی ہو، اور نیکال یا پرووِیڈنٹ فنڈ میں سے گزشتہ مال سال کے دوران لیئے گئے ایڈوانسز۔
(۲)اگر سرکاری ملازم کی طرف سے پرووِیڈنٹ فنڈ میں کی گئی کوئی سبسکرپشن اکاؤنٹس آفیسر یا ایسے اکاؤنٹ سنبھالنے والے دوسرے کسی آفیسر کی طرف سے دکھائے نہیں گئے یا اکاؤنٹ میں جمع نہیں کیئے گئے تو ایسی سبسکرپشن سرکاری ملازم کی طرف سے ایسی شاہدی کی بنیاد پر اکاؤنٹ میں جمع کی جائے گی، جیسے بیان کیا گیا ہو۔
۲۱۔ سارے سرکاری ملازمین اور ان کے خاندان کو مغربی پاکستان گورنمنٹ بینیوولنٹ فنڈ آرڈیننس، ۱۹٦۰ (۱۹٦۰ کا مغربی پاکستان آرڈیننس XIV) اور مغربی پاکستان گورنمنٹ ایمپلائیز ویلفیئر فنڈ آرڈیننس، ۱۹٦۹ (۱۹٦۹ کا مغربی پاکستان آرڈیننس I) اور اس سلسلے میں بنائے گئے قواعد کے تحت فواعد دیئے جائیں گے۔
۲۲۔(۱)جہاں کسی سرکاری ملازم کی ملازمت کے شرائط و ضوابط سے متعلقہ کن قواعد کے تحت جاری کردہ کسی حکم اس کے حوالے کیا جاتا ہے، اگر ایسی اپیل یا درخواست جیسے دوسری طرح بیان کیا گیا ہو، ایسا حکم جاری ہونے والی تاریخ کے تیس دن کے اندر نظرثانی کی اپیل کی جائے گی۔
(۲)جہاں کسی حکم یا احکامات کے درجہ کے سلسلے میں قواعد کے تحت نظرثانی کی اپیل کے لیئے کوئی گنجائش نہیں ہو، ایسے حکم سبب متاثر ہونے والے سرکاری ملازم ایسا حکم ملنے کے تیس دن کے اندر، ان کے خلاف ایسا حکم جاری کرنے والی اختیاری سے اوپر اختیاری کو عرضداشت کر سکتا ہے۔
بشرطیکہ مخصوص عہدہ رکھنے یا اعلیٰ عہدے یا

گریڈ پر ترقی کے لیئے فرد کی فٹنیس طے کرنے کے لیئے متعلقہ معاملات کے لیئے کوئی عرضداشت نہیں ہو سکے گی۔

**باب -III**

**متفرقات**

## Chapter-III
## Miscellaneous

۲۳۔ اس آرڈیننس یا کسی دوسرے قاعدے میں کوئی ایسی بات شامل نہیں ہوگی جو کسی سرکاری ملازم کے کیس کو نمٹنے میں مناسب جاتی جائے اور اس سے سرکار کے اختیار میں کوئی کم لائی جائے۔

بشرطیکہ سرکاری ملازم کے کیس پر یہ آرڈیننس یا کوئی قاعدہ نافذ ہونے کی صورت میں، اس آرڈیننس یا ایسے قائدے میں بیان کردہ فائدہ سے کم صورت میں کیس کو نمٹایا نہیں جائے گا۔

۲۴۔ اگر اس آرڈیننس کی کوئی گنجائش موثر بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے، حکومت رکاوٹ ہٹانے کے لیئے ایسا حک جاری کر سکتی ہے، جو اس آرڈیننس کے متضاد نہ ہو، جیسے وہ ضروری سمجھے:

بشرطیکہ اس آرڈیننس کے نافذ ہونے کو ایک سال مکمل ہونے کے بعد ایسا کوئی اختیار استعمال نہیں کیا جائے گا۔

**باب-IV**

**قواعد**

## Chapter-IV
## Rules

۲۵۔ (۱) حکومت یا اس سلسلے میں اس کی طرف سے بااختیار بنایا گیا کوئی شخص، ایسے قواعد بنا سکتا ہے، جو وہ اس آرڈیننس کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے ضروری سمجھے۔

(۲)اس آرڈیننس کے نافذ ہونے سے پہلے مجاز اختیاری کی طرف سے سرکاری ملازم کی ملازمت

کے شرائط و ضوابط سے متعلقہ تشکیل دیئے گئے کوئی قواعد، احکامات یا ہدایات اگر ایسے قواعد، احکامات یا ہدایات اس آرڈیننس کی گنجائشوں کے متضاد نہیں ہیں تو وہ اس آرڈیننس کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد سمجھے جائیں گے۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**